ZARAI TARAQIATI BANK LTD.

پریس ریلیز

اسلام آباد: 23 نومبر 2018

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) کے زیرِ اہتمام عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایک عظیم الشان محفل میلاد کا انعقاد بینک کے ہیڈ آفس اسلام آباد میں کیا گیا جس میں بینک افسران اور ملازمین کے ساتھ ساتھ ملک بھر سے مشہور و معروف نعت خوان حضرات نے آقائے نامدار ختم الرسل حضرت محمد ﷺ کی بارگاہ میں گلہائے عقیدت پیش کیئے۔ یہ محفل میلاد جمعرات بعد نماز ظہر شروع ہوئی اور نماز مغرب تلک جاری رہی۔

ZTBL کے سینئیر افسران کے علاوہ ملازمین کی کثیر تعداد نے اس بابرکت محفل میں شرکت کی اور اس محفل کے انعقاد پر بینک کے صدر شیخ امان اللہ اور دیگر منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ جبکہ بینک انتظامیہ کی طرف سے عید میلاد النبی ﷺ منانے کی اہمیت اور افادیت بارے سامعین کو آگاہ کرتے ہوئے کہا گیا کہ یہ وہ دن ہے جب ظلم و بربریت کے دور کا اختتام ہوا اور انسانیت کو معاشرے کے نئے دستور سے روشناس کرایا گیا۔ اس دن اللہ رب العزت کی عظمت والا قانون نافذ کیا گیا اور عزت و عظمت کے ساتھ ساتھ انصاف اور انسانیت کے وہ اصول مرتب کیئے گئے جن کی بنیاد پر اسلام نے دنیا میں اپنی حقانیت کو تسلیم کروایا۔

اس موقع پر انتظامیہ کی طرف سے تمام شرکاء کیلئے طعام کا اعلیٰ انتظام و انصرام بھی کیا گیا۔

(سعد ضیاء)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 051-9252681-2